# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 13 August 2026**

**Time : 09:25/ AM**

**Opening**

••••••••••••••••••••••••••••••••••••

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر۔

••••••••••••••••••••••••••••••••••••

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی ایک خصوصی تقریب کے دوران سال **2024** اور **2025** کیلئے **115** فنکاروں میں سنگیت ناٹک اکیڈمی **Fellow Ships** اور ایوارڈس عطا کریں گی۔ ان فنکاروں کا تعلق موسیقی ، رقص ، ڈرامہ ، فوک اینڈ ٹرائبل آرٹ ، **Puppetry** اور تھیٹر آرٹ کے دیگر شعبوں سے ہے۔ تقریب پر سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیکھاوت اور کلچر کے وزیر مملکت اندر جیت سنگھ بھی موجود رہیں گے۔

ترنگا ریلی

جموں و کشمیر میں ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سرگرمیاں شدومد سے جاری ہیں۔

**----Music-----**

**17** اگست تک جاری رہنے والی اس مہم کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں ترنگا ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے جن کا مقصد حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملک کی جدوجہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنا ہے۔ اس سال ہر گھر ترنگ مہم کی اہمیت اور بھی بڑھ

جاتی ہے کیونکہ اس سال وندے ماترم کے **150** سال مکمل ہو رہے ہیں۔کل **SKICC** سرینگر سے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں ایک بڑی ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں کافی تعداد میں سکولی بچوں، سرکاری ملازمین، سیکورٹی اہلکاروں اور سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔اس موقعے پر ایل جی نے کہا۔

------**V/O**-----

اسی طرح کی ترنگا ریلیوں کا انعقاد جموں اور یوٹی کے دیگر اضلاع میں بھی کیا گیا۔

آزادی تقریبات

دریں اثناء جموں وکشمیر میں آنے والی یوم آزادی تقریبات کو شایان شان طریقے پر منانے کیلئے سلامتی سمیت تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب بخشی سٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہو رہی ہے جہاں مہمان خصوصی قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے۔اسی طرح کی تقاریب جموں اور دیگر ضلع و تحصیل صدر مقامات پر بھی منعقد ہو رہی ہیں۔ان تقاریب پر مارچ پاسٹ کے علاوہ سکولی بچوں کی طرف سے رنگا رنگ تمدنی پروگرام پیش کئے جا رہے ہیں۔

ملاقات

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔انسٹی چیوٹ آف کمپنی سیکرٹریز آف انڈیا جموں چیپٹر کے ایگزیکٹیو ممبر ڈاکٹر انوج ویدبھی ایل جی منوج سنہا سے ملاقی ہوئے۔انہوں نے نشہ مکت جموں وکشمیر کو موثر طریقے پر عملانے کیلئے ایل جی کی ستائش کی۔

**CM**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کٹھوعہ ضلعے کے **Bakhta** علاقے میں موجود تاریخی گوردوارہ چرن کمل صاحب کی جامع ترقی کیلئے **5** کروڑ **15** لاکھ روپے لاگت والے پروجیکٹ کو منظوری دی ہے۔پروجیکٹ کے تحت وہاں ایک نیا لنگر ہال اور **Prayer** ہال تعمیر کرنے کے ساتھ ساتھ شردھالوؤں کیلئے جدید طرز کی سہولیات قائم کی

جاسکیں گی۔سرکار کی طرف سے ایک پریس بیان میں کہا گیاہے کہ اس پہل سے جموں وکشمیر میں **Pilgrimage** کے بنیادی ڈھانچے کوتقویت بخشنے میں مدد ملے گی۔

فلم فیسٹول

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں **7** ستمبر سے **10** ستمبر تک منعقد ہونے والے پہلے انٹرنیشنل فلم فیسٹول آف جموں اینڈ کشمیر کے احسن انعقاد کیلئے کئے جارہے انتظامات کاایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ فیسٹول کو کامیاب بنانے کیلئے پیشگی میں تمام انتظامات مکمل کریں۔انہوں نے جموں اور کشمیر کے صوبائی کمشنروں پر زور دیا کہ وہ ذاتی طور پر تمام تیاریوں کاازخود جائزہ لیں۔ناظم اطلاعات شریا سنگل نے اس موقعے پر کہا کہ اس فیسٹول کیلئے **80** مما لک سے ایک ہزار **1** سو فلمیں موصول ہوئی ہیں۔

جے کے کاریگر

حکومت نے بھارتیہ ویاپار مہوتسو کے دوران ’’جے کے کاریگری‘‘ کے نام سے ایک آن لائن مارکیٹ پلیٹ فارم کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد جموں وکشمیر کی مستند دستکاری مصنوعات کو قومی اور عالمی خریداروں تک پہنچانا ہے۔حکومت کے مطابق یہ اقدام جموں وکشمیر کی صدیوں پرانی دستکاری کی وراثت کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔جے کے کاریگری ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے تحت دین دیال انتودیا یوجنا۔نیشنل اربن لائیولی ہُڈ مشن کے تحت شروع کیا گیا ہے۔

**DC** اننت ناگ

اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں مشن یوا کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ مشن کے تحت التواء میں پڑے تمام کیسوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کریں۔انہوں نے مالی اداروں کے ساتھ باہمی تال میل کی ضرورت پر بھی زور دیا تا کہ لوگوں کو دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

**Closign**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔

••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••